''کردوں کا مسئلہ عالمِ اسلام کا سب سے بڑا سیاسی مسئلہ ہے''

محترم حافظ عاکف سعید صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ

حکمت قرآن ستمبر ۲۰۰۰ء میں شائع شدہ مضمون ''عدم برداشت کا قومی و بین الاقوامی رجحان اور تعلیمات نبویؐ'' میں صفحہ ۴۴ پر مصنف نے عالمِ اسلام کے سب سے بڑے سیاسی مسئلے یعنی کردوں کا مختصر ذکر کرتے ہوئے ان کی آبادی نو لاکھ لکھی ہے۔ میرے علم کے مطابق ترکی' عراق' ایران اور شام میں ۲۵ ملین (اڑھائی کروڑ) کرد آباد ہیں۔ اس مسئلہ کی موجودگی مسلمانوں کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ ہے۔ ایک واحد علاقے میں آباد لوگوں کو ایک نسل' زبان اور مذہب ہونے کے باوجود اکٹھا نہ ہونے دینا اور ان کو نسلاً تعصب کا نشانہ بنانا اور ان کو اپنی ثقافت اور اپنی الگ زبان کے لحاظ سے انفرادیت کا حق نہ دینا کتنا بڑا ظلم ہے' جبکہ اس مسئلہ میں کوئی غیر مسلم ملک ملوث نہیں۔

براہ کرم اپنے آئندہ شمارہ میں آبادی کے متعلق یہ غلطی درست فرمائیں۔

خادم

محمد سلیمان تنولی

سٹیلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی